اکتیسواں فقہی سمینار

اسلامک فقہ اکیڈمی کا اکتیسواں فقہی سمینار مورخہ ۵-۷ر نومبر ۲۰۲۲ء کو مدھیہ پردیش کے تاریخی شہر برہانپور کا معروف ادارہ دارالعلوم شیخ علی متقی میں منعقد ہوا جس میں ملک کی سرکردہ علمی، فکری، ملی اور فقہ وفتاوی سے تعلق رکھنے والی تقریباً تین سو شخصیات نے شرکت کی۔ سمینار میں افتتاحی واختتامی نشست کے علاوہ چار موضوعاتی نشستیں منعقد ہوئیں جن میں درج ذیل موضوعات زیر بحث آئے:

۱- جمعہ کے لئے مصر ہونے کی شرط-موجودہ حالات کے پس منظر میں

۲- نکاح مسیار کی شرعی حیثیت

۳- دار القضاء کی بعض کارروائیوں میں آن لائن طریقہ کار سے استفادہ

۴- ورچول کرنسی سے متعلق شرعی احکام

سمینار میں ملت اسلامیہ ہند کے نام ایک مشترکہ اپیل بابت: ''مسلمان زیادہ سے زیادہ اسلامی اسکول اور بالخصوص لڑکیوں کے لئے جداگانہ تعلیمی ادارے قائم کریں'' بھی جاری کیا گیا۔

☆☆☆